

# ٹینینٹ سیف ہاربر ایکٹ کے تحت مالی مشکلات کی نشاندہی کرنا

Guidance for Tenants

نیویارک اسٹیٹ کے اٹارنی جنرل کا دفتر

# وسائل

## نیویارک شہر کے اندر:

**نیویارک شہر کی مشاورت کے حق کی ہاٹ لائن**
(718) 557-1379

**رہائشی عدالت کے جوابات**
معلومات اور ایسے قانونی مشیروں کی طرف ریفرلز کے لیے جو نمائندگی فراہم کرسکیں (212) 962-4795

**نیویارک شہر کا محکمہ برائے امورِ صارف**
فری لانس اور ذاتی ملازمت کے حامل کارکنوں کے حقوق کے بارے میں معلومات کے لیے
***www1.nyc.gov/site/dca/workers/workersrights freelancer-workers.page/***

## نیویارک اسٹیٹ:

**قانونی مدد NY**
ایسے قانونی مشیروں کی طرف ریفرلز کے لیے جو نمائندگی فراہم کرسکیں
***lawhelpny.org***

**نیویارک کا اشتراک برائے امیگریشن**
غیر اندراج شدہ کارکنوں کے حقوق کے بارے میں پوری ریاست کی معلومات
***nyic.org***

**نیویارک اسٹیٹ کا ایمرجنسی رینٹل اسسٹنس پروگرام *(ERAP)***
ایسے گھرانوں کو مالی مدد فراہم کرتا ہے جو COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران کرایہ یا یوٹیلیٹی بلز ادا نہ کرسکے ہوں
***otda.ny.gov/programs/Emergency-Rental-Assistance***



لیتیشا جیمز
(نیویارک اسٹیٹ کی اٹارنی جنرل)

**عزیز نیویارکرز،**

COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران نیویارک اسٹیٹ کے بہت سے لوگوں کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹینینٹ سیف ہاربر ایکٹ (TSHA) کرایہ داروں اور قانونی مکینوں کو کرایہ ادا نہ کرنے کی صورت میں بے دخلی سے محفوظ بناتا ہے۔ بعض لوگوں کے پاس روایتی ملازمت نہیں ہوتی یا پھر وہ آمدنی کے ایسے دیگر ذرائع رکھتے ہیں جنہیں ثابت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ مثلاً غیر اندراج شدہ افراد، فری لانسرز اور ذاتی ملازمت کے حامل افراد کو اپنی آمدنی میں ہونے والی تبدیلی ثابت کرنے میں مشکل پیش آسکتی ہے۔ یہ اشاعت ایسے دیگر نوعیت کے ثبوتوں سے آگاہ کرتی ہے جنہیں آپ TSHA کے تحت عطا کردہ تحفظات کے حصول کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔

تسلیمات،

Letitia James

## مالی مشکلات کے روایتی دستاویزی عمل کے متبادل امور مالی مشکلات کے روایتی دستاویزی عمل کے متبادل امور

TSHA اس بابت تو آگاہ کرتا ہے کہ ججز مالی مشکلات کے عوامل پر "غور کریں گے" تاہم یہ واضح نہیں کرتا کہ کرایہ داروں کو عدالت میں اپنے ہمراہ کیا لانا ہوگا۔

آپ تنخواہ کی رسیدوں، بینک اسٹیٹمنٹس، ٹیکس ریٹرنز یا بلوں کے ذریعے اپنی آمدنی میں تخفیف ظاہر کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس اس نوعیت کی دستاویزات نہ ہوں، تو آپ دوسرے طریقوں سے آمدنی میں ہونے والی تخفیف ظاہر کرسکتے ہیں، جیسے کہ دستاویزات کی عدم موجودگی میں آپ یا آپ کے حالات جاننے والا کوئی شخص عدالت میں آپ کے حق میں بیان دے دے۔

### دیگر نوعیت کے ثبوت جنھیں آپ تنخواہ کی رسیدوں، بینک اسٹیٹمنٹس، ٹیکس ریٹرنز یا بلوں کے بدلے عدالت میں لا سکتے ہیں:

- آپ یا آپ کے ساتھ رہائش پذیر افراد کی طرف سے بیان نامے جو آپ کی آمدنی میں ہونے والی تبدیلیوں اور سرکاری فوائد پانے کی اہلیت کو تفصیل سے واضح کریں
- آپ کے آجر کی طرف سے بیان نامے جس نے 7 مارچ، 2020 کے بعد آپ کے ملازمتی گھنٹوں میں تخفیف کی یا آپ کو معطل کردیا
- اہل خانہ کے بیان نامے جنھیں مالی مدد فراہم کی جاتی تھی لیکن 7 مارچ، 2020 کے بعد اسے روک دیا گیا
- روم شیئر کرنے والے ساتھیوں کے بیان نامے جن کی آمدنی ختم ہوگئی ہو
- وہ رسیدیں، نوٹس یا اسپریڈ شیٹس جنھیں آپ نے کام کے لیے نقد ادائیگیوں کے اندراج کے لیے لکھا اور ان ادائیگیوں کے ختم ہونے کا وقت
- لین دین کے نقد معاملات کے لیے Paypal، Venmo یا ادائیگی کے دیگر آن لائن ریکارڈز جن سے آمدنی میں ہونے والی تبدیلی ظاہر ہو
- معاوضے اور عدم معاوضے کے حامل کام کی انوائسز
- ٹائم شیٹس جن سے ملازمتی گھنٹوں کے خاتمے کا اظہار ہو
- بینک اسٹیٹمنٹس جن میں باقاعدگی سے رقم جمع کروائی جاتی ہو لیکن 7 مارچ، 2020 کے بعد سے رقم بالکل بھی نہیں یا بہت کم جمع کروائی گئی ہو
- وہ گوشوارے جن کے مطابق آپ بچے کی نگہداشتی ذمہ داریوں یا ذاتی طور پر اسکول جانے کے باعث کام نہ کرسکے ہوں
- بچے کی ایسی غیر باضابطہ سپورٹ (جیسے کہ رقم یا سامان) کو ظاہر کرنے والے دستاویزات جو 7 مارچ، 2020 کے بعد رک گئی ہو یا تبدیل ہوگئی ہوں
- وہ دستاویزات جن سے معلوم ہو کہ آپ یا آپ کے اہلِ خانہ (بشمول بچے) سرکاری فوائد کے لیے اہل ہیں
- وہ دستاویزات جو COVID-19 سے متعلقہ اخراجات کو ظاہر کریں، بشمول اپنی جیب سے ادا کردہ اخراجات اور جنازے کے اخراجات

### میں نے ہنگامی انخلاء اور ضبطی سے تحفظ کے ایکٹ (EEFPA) کے تحت مشکلات کا اقرارنامہ جمع کروا دیا ہے کیا یہ بھی وہی ہے؟

نہیں۔ ہنگامی انخلاء اور ضبطی سے تحفظ کا ایکٹ (EEFPA) کرایہ داروں کو مختلف انداز سے تحفظ دیتا ہے۔ EEFPA کے تحت، اگر آپ مالی مشکلات، صحت کے مسائل کا شکار ہیں یا آپ کی عمر زیادہ ہے، تو آپ مشکلات کے اقرار نامے پر دستخط کرکے اسے عدالت میں جمع کروا سکتے ہیں۔ اس کی بدولت آپ کا مالک مکان آپ کے خلاف انخلاء کے بہت سے مقدمات دائر کرنے اور آپ کو گھر سے بے دخل کرنے سے رک جائے گا۔ یہ تحفظ حال ہی میں 31 اگست، 2021 کو ختم ہوا ہے۔ اگر آپ نے EEFPA کے تحت مشکلات کے اقرار نامے پر دستخط کیے ہیں تو 31 اگست، 2021 کی تاریخ گزر جانے کے بعد بھی جج کو آگاہ کرنا نہ بھولیں، کیونکہ دستخط شدہ اقرار نامہ TSHA کے تحت مالی مشکلات کو ثابت کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے

## ٹینینٹ سیف ہاربر ایکٹ (TSHA) کے تحت مالی مشکلات کا دفاع

TSHA رہائشی کرایہ داروں اور قانونی مکینوں کو اپنے گھروں میں رہنے پر مدد دیتا ہے۔

### مجھ پر کرایہ واجب الادا ہے۔ TSHA کس طرح میری مدد کرسکتا ہے؟

اگر آپ COVID-19 کے باعث اپنا کرایہ ادا نہیں کرسکے (مثلاً آپ کی ملازمت ختم ہوگئی)، تو کرائے کی عدم ادائیگی کے باعث ایک جج آپ کو بے دخلی سے بچا سکتا ہے بشرطیکہ آپ عدالت کو اس بات سے آگاہ کرسکیں کہ COVID-19 نے آپ کو مالی نقصان سے کس طرح دوچار کیا۔

### کیا مجھے پھر بھی واجب الادا کرایہ ادا کرنا ہوگا؟

اگرچہ جج کرائے کی عدم ادائیگی کی صورت میں گھر سے آپ کی بے دخلی روک سکتا ہے، لیکن اس کے باوجود آپ کا مالک مکان یہ ظاہر کرسکتا ہے کہ آپ پر رقم واجب الادا ہے اور جج سے مالی فیصلہ طلب کرسکتا ہے۔ وہ آپ سے رقم وصول کرنے کی کوشش کرسکتا۔

### کیا میں بے دخلی کی دیگر کارروائیوں سے بھی محفوظ ہوں؟

TSHA کا اطلاق صرف کرائے کی عدم ادائیگی کے معاملات پر ہوتا ہے اور یہ زیرِ التواء کارروائیوں پر لاگو نہیں ہوتا۔

### میں جج کو کیسے آگاہ کروں گا کہ میں مالی مشکلات کا شکار ہوں؟

TSHA کے تحت، کرایہ دار یا دیگر قانونی مکین کو لازماً یہ ثابت کرنا ہوگا کہ وہ COVID-19 کے باعث مالی مشکلات کا شکار ہوا ہے۔ جج مالی مشکلات کے تعین کے لیے مختلف عوامل زیرِ غور لائے گا، جن میں شامل ہیں:

- COVID-19 کے دوران تبدیل ہونے والی آمدنی
- بینک اکاؤنٹس میں نقد رقم اور دولت
- آیا آپ درج ذیل کا حصول کرسکتے ہیں:
  - نقد رقم کی شکل میں معاونت (PA)
  - اضافی غذائی معاونت کا پروگرام (SNAP یا غذائی رسیدیں)
  - اضافی سیکیورٹی آمدنی (SSI)
  - نیویارک ریاست معذوری
  - توانائی کی معاونت کا ملکی پروگرام (HEAP)
  - بے روزگاری کا بیمہ
  - ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت دیگر فوائد